چمکے انوار علم دین اب / ظن گہٹ گیا بڑہ چلا یقین اب
حاصل ہوئی لذت حضور کے / جاتی رہی دنیا سی دوری

صفحے پہ قلم صحیفہ دان ہے / قرآن کی نزول کا بیان ہے
تفسیر نزول وحی و قرآن / یون لکھتا ہی راوی سخندان
پہونچی جو سنین عمر حضرت / چالیس برس کو با مسرت
صبح ایمان ہوئے ہویدا / نکلا خورشید عالم آرا
آیا حق اور گئی ضلالت / باطل ہونی لگی کہانت
کرتی تہی ملک نگاہبانے / کہل جاتی نہ راز آسمانے
عہدہ تو یہ لاجواب پایا / اور روح قدس خطاب پایا
جلوہ ہوا حسن سرمدی کا / دل نور سی بہر گیا نبی کا
خلوت سی ہر اہتمام سینہ / دل ہوگیا علم کا مدینہ
پڑہنی لگی دمبدم وہ سبحت / آنی لگی جس سی جان مین لذت
ہونی لگی ہر طرف سی تعظیم / آنی لگی اب صدای تسلیم
ہر صبح کو مرغ بوستانے / کرنی لگی اب درود خوانے
آتی یہ ندا ہی ہاتف غیب / تو خاتم انبیا ہی لاریب
سن سنکی یہ مژدہ و تحیت / ہوتی تہی شہ رسل کو حیرت
دیکھا عکس جمال حق کو / پایا فیضے مین صبح طبق کو
جو رات کو خواب دیکھتے تہے / وہ دن کو جناب دیکھتی تہی
عشق ازلے ہوا انہودا / دل ہوگیا محو جلوہ یا
ایقان کا پڑا جو دل پہ پرتو / شمع ازلی سی لگ گئی لو

پہر جیب مین جلد ہاتہ ڈالا
شقہ وہ حریر کا نکالا

تہے تعبیہ جسمین لعل و گوہر
آئینہ بشکل مہر انور

نور قرآن کا تہا وہ پشکدہ
یاقوتی خط سی لکہی آیات

حضرت کی قریب اوسکو لاکر
کی عرض حضور کو دکہاکر

اب دیر نہ کیجیے خدا را
پڑہیے اسکو رسول والا

فرمایا نبی نی کیا مین پڑہون
مین تو نہین کچہ پڑہا لکہا ہون

انی مین لکہا نہ کچہ پڑہا ہون
مطلق نہین حرف آشنا ہون

جبریل نے پہر کہا مکرر
پڑہیے تو اسی حبیب داور

پہر آپ نی اونسی معذرت کی
تکرار یہ تین بار گذرے

جبریل نی جب سنی یہ گفتار
پس ورد کی شاہ دین کو یکبار

قوت سی سینی مین لگایا
اور خوب سا آپ کو دبایا

حضرت کو دبا فشار ایسا
گہبرا گئی اور دل بہر آیا

انوار سی بہر دیا جو سینہ
ہر عضو مین آگیا پسینہ

ترتیل کی قوت اوسمین بہر دی
اک آن مین شرح صدر کردی

اوترا دل مین جو نور قرآن
پہر سامنی لاکی حق کا فرمان

کی عرض کہ ای رسول عالم
پڑہیے یہ صحیفہ مکرم

حضرت نی پڑہا خطاب پاک
سیکھے اقرا باسم ربک

مالم یعلم تلک پڑہا سب
پہلا تہا یہی صحیفہ رب

یہ فاتحہ کتاب حق تہا
قرآن کا یہ اولین سبق تہا

کرلی جو رسول دین نی قرات
سینے مین سمائی اوسکی برکت

جبریل امین نے پہر سنبہل کر
مارا اک پاشنہ زمین پہ

چشمہ پانی کا وان بہایا
بحر قدرت مین جوش آیا

انداز وضو کا سب بتاکر
شقعہ ہی نماز کا پڑہا کر

دکہلائی نبی کو اپنی صورت
پہر قد کی دکہائی اونکو عظمت

تبلیغ کا حق تمام کرکے
رخصت ہوی پس سلام کرکے

مراجعت کرنا حضور صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کا غار حرا سی جانب دولتخانہ

راوی نی جو یان خبر لکہی ہے
یون خلف عنان خامہ کی ہے

جبریل تو پہونچی آسمان پر
اور گہر کی طرف چلی پیمبر

چہائی جو خدا کی دل مین ہیبت
تپ آپ کو پہر چڑہی بشدت

رخ زرد تہا اور جسم والا
لرزیکی تعب سی کانپتا تہا

ہلتا تہا تمام سینہ و دل
اوس راہ کو طی کیا بمشکل

طے ہو گئی اس طریق سی راہ
پہونچا دولت سرا مین وہ شاہ

کی فضل خدا نی رہنمونے
کہتی ہوی آئی زملونی

حال آپ کا دیکہکر دگرگون
گہبرا گئین بہت خدیجہ خاتون

حضرت کو بساط پر لٹایا
بہاری سی کسی چیز کو اوڑہایا

کہ جسم پہ تہا لحاف بہاری
لیکن نہ گئی وہ بیقراری

لرزہ تہا حضور کے بدن مین
رعشہ تہا پڑا تمام تن مین

کچہ دیر تلک رہی یہ حالت
ٹہہری پہر خیر سی طبیعت

لرزہ ہی ہوا بدن سی زائل
اور دل مین ہوا سکینہ داخل

جاتا رہا خوف آئی تسکین
اوٹہی بستر سی قبلہ دین

سردی گئی شاہ بحر و بر سے
اب برد یمن اوتاری سر سے

چادر سی رخ جناب نکلا
دن ہو گیا آفتاب نکلا

جلوہ تہا یہ روی شاہ دین کا
شرمندہ تہا چاند چودہوین کا

پاس اپنی خدیجہ کو بلاکر
کیفیت غار سب سناکر

پایا کہ ہنوز ہین غرق حیرت
طاری ہی عجیب کچہ حالت

آسان نہین سخت ہی یہ مشکل
ہی خوف خدا سی ہلتا دل

سنکر یہ بیان خدیجہ خاتون
بولین کہ ہنوز ہین آپ محزون

اب کیجیی شکر فضل داور
آج آپ نبی ہوی مقرر

معبود حق تہا رب عالم
آپ اوسکی رسول ہین مکرم

پائی ہون حضور مین جو عادات
یہ سب ہین پیمبری کی آیات

اللہ اللہ

محتاج و یتیم اور گدا پر — ہین آپ مدام سایہ گستر
ہمسایہ ہین یا کہ اقربا ہین — حق سب کی حضور سے ادا ہین
بیوہ مفلس غریب و مسکین — سبکی کرتی ہین آپ تسکین
موصوف جو اس صفات کا ہو — کیونکر وہ بلا مین مبتلا ہو
فی جن نہ یہ سایہ پری ہے — خالق کی یہ سایہ گستری ہے
بندہ جو ایسا ہو پارسا ہو — وہ لایق منصب نبی ہو
سنکر یہ بیان با قوی دین — آئی حضرت کی دل مین تسکین
یہ قول خدیجہ خوش صفات — تجویز صحیح تھی قیاسات
ہین سب یہ دلیل ہوشمندی — آثار کمال ارجمندی
ورقہ نوفل کا جو پسر تھا — پیر مرتاض و خوش سیر تھا
توریت زبان پہ سر بسر تھی — علم انجیل کی خبر تھی
تھا علم و ہنر مین مرد اوستا — بھائی تھا خدیجہ کا چچا زاد
خدمت مین خدیجہ اوسکی آئین — حضرت کو بھی ساتھ اپنی لائین
جو سانحہ آپ پر تھا گذرا — ورقہ کو وہ سر بسر سنایا
احوال رسول حق کا سنکر — بولا خوش ہو کی وہ سخنور
تو آپ ہوے نبی ذیجاہ — خالق کی ہوی بارک اللہ
پائی اب ہین حق نی تزئین — بس آپ ہین خاتم النبیین
عالم ہوا خبث شرک سی پاک — بیشک حضرت ہین شاہ لولاک
ہین شہر کسی جو سر بسر ہون — ایمان لاتا مین آپ پر ہون
معبود خدای ذو الکرم ہے — تو اوسکا رسول محترم ہے
ورقہ سی کہلا جو صاف مطلب — ایقان خدیجہ بڑہ گیا اب
بس والسی حضور ہو کی رخصت — داخل ہوی گہر مین با مسرت
تصدیق سی خاتمہ بیان ہے — صدیق و علی کی داستان ہے

بیان میان حضرت صدیق اکبر و حضرت علی رضی اللہ عنہما

لکھون حال علی و صدیق — ہو جای قلم سی کرم تحقیق
خامہ کیا صاف لکہ رہا ہے — سچے راوی سی جو سنا ہے
مدح صدیق و وصف حیدر — لکھنے سی ہین کو یہ دونو یاور
سمجھا ہون جو ذکر انکا طاعت — حاصل کرتا ہون یہ سعادت
یہ امر ہی جیون سحر ہویدا — دونو کی نہین جواب پیدا
اک مہر منیر اعتلا ہے — اک نیر برج اصطفا ہے
ہی ایک جو صدر اہل ایمان — تو ایک ہی فخر اہل عرفان
اک رونق بزم آشنائی — اک سید انبیا کا بہائی
اک یار حبیب کبریا ہے — اک سر کمال مصطفا ہے
اک مخلص مونس پیمبر — فرزند ہی ایک اور برادر
اک سجدہ بدی کا آشنا ہے — اک کشتی دین کا ناخدا ہے
دریای کرم کا ایک گوہر — ہی برج سخا کا ایک اختر
اک بلبل شاخسار عرفان — اک زیب دہ بہار عرفان
اک دین کی فلک کا قطب اعظم — اک بیشہ لا فتی کا ضیغم
اک شاہ سریر ثانی اثنین — اک وارث علم شاہ دارین
اسلام کا ایک رکن برتر — تو ایک ہی شہر علم کا در
اک صاحب آیۂ سکینہ — ہی خاتم دین کا اک نگینہ
اک زبدہ جمیع اصفیا ہی — اک خسرو خیل اولیا ہے
گر ایک ہی کوکب ہدایت — تو ایک ہی ماہ ولایت
دونو ہین خلیفۂ حبیب — اول آخر کی زیب و زینت
اک فاتح باب ابتدا ہے — اک خاتمہ باب انتہی ہے
دونو کی ولا سی جیب و دامان — سیتا ہی یہ بہی ہوی ثنا خوان
دونو کی جو لکہ رہا ہی مدحت — سمجہو نہ جہان کی ہی یہ دولت
دونو کی ثنا کا جو مزا ہے — دونو یا تہ سی لوٹتا ہے
دونو کی ولا مین ہی جو یکتا — دونو کو ہی ایک ہی سمجھتا
یکرنگی ہی شان کبریا نے — پاتا ہی یہ دونون نہین سمانے

جیون شمع جدا جدا ہین دو تن
ای یار خدا و رب داور
دونو کی طفیل سے خدایا
بس ہو چکی طبع آزمائے
دن ہو گیا اور رسولؐ اطہر
کر دیجی راز دل سے آگاہ
یار صحبت رفیق و ہمدم
جس سمت شہ رسل نکلتے
ہوتا سایہ سے بچے کا کیونکر
یا پرشہ عالم اوسکو پاکر
جذب باطن ہوا موافق
حضرت کو جو سامنی سی دیکھا
فرمایا نبیؐ نی ای فدائے
احوال نہان و آشکارا
جبریل کا وہ لپٹ کے ملنا
صدیق تقی نی بامسرت
بوسہ دیا دست شاہ دین پر
ہی کوئی نہین شریک تیرا
ایمان لایا ہین دل سی اسکا
ہی اسپہ وہ سب خطاب برحق
پھر اوسنی یہ عرض کی کہ شاہا
کاشانۂ نور گہر ہے سارا
دیکھا تہا جو شب کو مین نے رویا
حضرت سی کرون وہ سب مین تقریر
وہ روشنی اور وہ ماہ کی ضو

پر ایک ہی لو مین ہین یہ روشن
دونو کی ولا مجہی عطا کر
عزت مری دو جہان مین کہنا
دیکھی تری قلب کی صفائی
نکلے دولت سرا سے باہر
لی آپ نی اونکی گہر کے پہر راہ
ہر راز سی شاہ دین کی محرم
یہ سایہ کیطرح ساتھ چلتے
صدیق تہا سایۂ پیمبرؐ
حق کہتا ہے صاحب پیمبرؐ
رستی مین ملا وہ یار صادق
تسلیم کو جہک گیا وہ شیدا
یان شوق نی کی ہی پیشوائے
صدیق کو آپ نی سنایا
وہ خوف خدا سی دل کا ہلنا
سنتے ہی یہ مژدہ و بشارت
پہر سجدہ مین جہک گیا زمین پر
اول آخر مین تو ہی ہوگا
تو رب ہی یہ ہی رسول تیرا
نازل ہوئی جو کتاب برحق
تہا شب کو مین اپنے گہر مین سوتا
پہیلا نور قمر ہے سارا
اب صبح کو خواب سی جو اوٹہا
پوچہون رویا کی اپنی تعبیر
حضرت کی یہ لطف کا تہا پرتو

جیون شیر و شکر ہین گر سبو شان
دل مین صدیق کے ولا ہو
ہان روک زبان دو سہ کی ہی جا
عرض مطلب مین اب نکر دیر
اس قصد پہ نکلی گہر سی حضرت
بچپن سی وہ مونس نبی تہا
اس درجہ بڑہی تہی آشنائی
تہی ظل خدا رسول والا
وہ ذات تہی پرتو خدا کا
القصہ رسولؐ ہر دو عالم
جیون آپ سی ہوگیا مقابل
کی عرض کہ ای حضور والا
بیٹھے یہ کہکے قبلۂ دین
وہ غار حرا کی سب حکایت
وہ عرض خدیجہ خوش آئین
آنکھون سی بہایا اپنے دریا
کی عرض کہ دیتا ہون گواہی
اور ہی یہ رسولؐ و قبلۂ دین
نازل ہوا جو صحیفہ اس پر
کی اوسنی جو شاہ دین کے تصدیق
دیکھا ناگاہ مین نی یہ خواب
ہی عکس فگن جو ماہ انور
اس قصد پہ ای رسولؐ والا
حاجت نہین پوچہنی کی کچہ اب
مولا کا جو قصد تہا ادہر کو

تہا لب دو ہین ایک ہی جان
اور سینی مین حب مرتضا ہو
گستاخ بہت ہو مسیحا
شبدیز قلم کی بس عنان پہیر
صدیق سی کہی یہ حکایت
باہم ربط لگانے لگے تہا
ہوتی ہی نہتی کبہی جدائی
یہ سایہ تہا شاہ دوسرا کا
یہ سایہ تہا ظل کبریا کا
جاتی تہی جسوی یار ہمدم
فرط الفت سی ہل گیا دل
مین خدمت پاک مین چلا تہا
فرمائی بہت سی اوسکی تسکین
وہ حال فشار اور وہ قرات
ایمان ورقہ کا اور وہ تسکین
بحر ایقان مین جوش آیا
معبود بحق ہی تو الٰہی
بیشک ہی یہ خاتم النبیین
مومن ہون مین اسکا دل و دین
خالق سی ملا خطاب صدیق
ہو جو وہی میری گہر مین ہوتا
روشن ہی تمام بام اور در
خدمت مین حضور کی چلا تہا
بس ملگیا صاف نقد مطلب
روشن کیا حق نی سب کے گہر کو

خادم تھے جو بندہ پرورسی کے
دل میں آیا جو نور ایمان
سنکر تصدیق یار ہمدم
سنتی ہی شہ رسل کا ذیان
وہ قوت بازوی حبیب
فرمایا نبی نی کہ اسی برادر
لایا جبریل حق کا فرمان
کی عرض زبان سی حبیب واقف
ایمان کی ہے آئی دل میں لذت
مرشد کی ہوئی ہے کئی عنایات
طالع ہوئی دل میں صبح ایمان
تعلیم تھی شاہ دین سی پائے
راوی نی لکھا ہی یون تحقیق
کامل ہوئی انسی ملت حق
بعد انکے پھر ہوا مسلمان
وہ نور محمدی سے جسکا
وہ قانت وساجد ومجاہد
وہ زیب وسادہ خلافت
قیصر ہی غلام جسکے گھر کا
مشہور جہان ہی جسکی شوکت
وہ مخزن فیض وکان ہمت
پھر سعد وزبیر وعبد رحمن
پھر ہوگئی دین حق سی خوشنود
پھر جا پہ بو سعید وہ مقداد
بو سلمان اور بلال خوش شان

اس مہر کی سب وہ روشنی ہے
انکا سینی سی ماہ تابان
آئی جو گھر مین شاہ عالم
حاضر ہوئی جلد شاہ مردان
وہ مرشد خلق ودین کا ہے
حق نی مجکو کیا ہے میسر
نازل ہوا جسکی دل پہ قرآن
تازہ ہوئی جس بہار وحدت
حاصل ہوا انکو یہ ولایت
علی ہوگئی امر مین مقامات
سینی مین ہوا طلوع خورشید
حاصل ہوا اسی سی یہ مقامات
جس ایک ہی دن علی وصدیق
پائی دین خدا نی رونق
وہ زیب وہ بہار قرآن
پر نور ہی جسم وجان سراپا
حق مین وہ خدا پرست زاہد
وہ زینت مسند شریعت
خاقان بندہ ہی جسکے در کا
کہتی ہاین جسی ولی نعمت
وہ گوہر قلزم سخاوت
لائی دین خدا پہ ایمان
عثمان مظعون وابن مسعود
ارقم کا پسر وہ زید یاور
سب لائی خدا پہ دل سی ایمان

تھی بخت کی یاوری ارجمند سے
پاکر ایمان کو دلمین ادبسکے
دہیان آگیا جبہ یکا نبی کو
آیا وہ رسول حق کا بھائی
کرکے تسلیم اور تحیت
خالق کی ہی اس پر عنایت
سنتی ہی کلام شاہ والا
عرفان کا ہوا جوادسے جلوہ
ادبتھی برسے جو وزیر بانکے
وان ختم نبی پہ تھی نبوت
بچپن ہی نبی کی تھی صحبت
فیضان حبیب کبریا سے
داخل ہوئی دین کبریا مین
اسلام پھر انکی بعد لایا
وہ جمع کن جریدہ پاک
وہ فتح کن بلاد امصار
ملقب تا بسجد بکرے مولا
وہ برج حیا کا مہر انور
فیاض جہان ہی جسکی سرکار
ہی جود وعطا کا جسکے شہرا
ہی رشک عرب سی جسکا
پھر طلحہ وبو عبیدہ وارقم
صدیق کی کہنی سی یہ دیندار
سلمان والو سعید ولوور
وخت خطاب بنت صدیق

چمکا یہ ستارہ بلند سے
حضرت نی لگا لیا گلی سے
آتی ہی طلب کیا علی کو
وہ اختر برج اصطفائی
بیٹھا آکر قریب حضرت
اب مجکو عطا ہوئی نبوت
سینی مین علی کی جوش آیا
دل ہلگیا اور جگر بہے کانپا
دل پارتھا صفت سمان کے
یان ہوکی خاتم انجا فت
سینی مین بھرا تھا نور خلعت
نسبت حاصل ہی اک خدا سے
پہونچی سب زیر لہمی مین
حارث کا پسر تھا زید دانا
ابنی کو حبیب شاہ لولاک
پر ہیم زن خانمان اعدا سے
انکی وہ سنی روان تھا جسکی دریا
وہ یوسف ثانی پیمبر
عالم ہی عطا سی جسکی سرشار
ہمت سی حجل ہی جسکے دریا
عثمان غنی انسب سے جسکا
داخل ہوی دین مین سب باہم
داخل ہوی دین مین سب یکبار
بعد انکی خباب ابن منذر
اسما اور فاطمہ تحقیق

مشہور ہوا انہیں سے ایمان ۔ یہ لوگ ہین ولیں مسلمان
یہ حامی دین کبریا ہین ۔ خاصان خدا ہین رہنما ہین

جو کام ہی ہین بنا انہیں سے ۔ وہ کام ملک سے ہوں نہ جن سے
پاکر انہیں کمال ایمان ۔ قرآن مین خدا ہوا ثنا خوان

اسلام ہین پا یقین انہیں سے ۔ حق راضی ہی انسی اور یہ رب سے
یہ راہ ہدی کی پیشوا ہین ۔ یہ لوک نجوم اہتدا ہین

یہ لوگ ہین مقتدای امت ۔ ہی انکی ولا کلید جنت
پہونچیں کیا ملا ہی انسی ۔ بس ہمکو خدا ملا ہی انسے

تفسیر و حدیث و علم قرآن ۔ سب انسی ملا بعزت و شان
تازہ ان سی ہی بہار ملت ۔ یہ لوک ہین دین حق کی حجت

یارب مجھی حب مصطفیٰ دے ۔ آل و اصحاب کی ولا دے
ہو جسکو رسول حق سی نسبت ۔ دی اوسکی خدا مجھی محبت

تا زیست رہو مین با دل و جان ۔ اس مجمع پاک کا ثنا خوان
کر ختم سخن و داستان کو ۔ روک اب قلم خامہ کی عنان کو

خاتمہ

جو پہنچا ہی جو ختم لو یہ نامہ ۔ ہی شکر خدا ہین گرم خامہ

تحریر سی پاچکا فراغت ۔ اب کرتا ہی سجدۂ تحیت
لکھا ہی جو ذکر مصطفیٰ کا ۔ ہمت سی ہی شور مرحبا کا

ہمہ ہی یہ سب نبی کا فیضان ۔ اور خامۂ شکر بی کا احسان
کیا خوب لکھی ہی مثنوی واہ ۔ ای خامۂ پاک تیری واہ واہ

احسان ترا ہی مجھ پہ سب آن ۔ تونے مجھے کیا سخندان
حاصل ہوئی تجھسی یہ فصاحت ۔ پائی تیری سبب سی شہرت

نامہ جو ہوا جواہر آگین ۔ ہی تیری عنایات کی یہ تزئین
اعجاز قلم ہوا ہین تجھسے ۔ یاقوت رقم ہوا ہین تجھسے

رونق یہ بیاں کی تجھسی پائے ۔ تو نی مری آبرو بڑھا دے
یارب بہر رسول والا ۔ شاہ نجف و بہ خدیو بطحا

بہر صدیق و بہر حیدر ۔ اور بہر صحابۂ حبیب
صدیق سی عمر کی بہر عثمان ۔ بہ حسنین پاک و ذی شان

بہ ازواج و آل اطہار ۔ اور بہر مہاجرین و انصار
دی راہ سوا دیتر لی ہین ۔ جو پہنچا دی مدینہ نبی ہین

وہ روضۂ باصفا دکہا دے ۔ اس نظم کا بس ہی صلا دے
دی اپنی رسول کی محبت ۔ رکہ سالک مسلک شریعت

بازار جو گرم حشر کا ہو ۔ حشر اوسکے لوا تلے مرا ہو

تمام شد

بہار جنت

ذکر ہی اسمین شفاعت کا تمام
ہی بہار جنت اس دفتر کا نام

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد بیحد اوس خدا کو ہی سزا
جسنی برپا کردئی ارض و سما

جسنی دی افلاک کو یہ برتری
خاکمین جسنی یہ کی صورتگری

جسنی ہستِ خاک کو گویا کیا
مخزنِ اسرار سرتاپا کیا

جسنی آدم کو بنایا خاک سے
اور کیا ممتاز روحِ پاک سے

عزت و توقیر کا اوسکے بیان
ہی نفخت فیہ من روحی سی عیان

علّم الاسما کا تاکر یک بیک
کردیا پہر اوسکو مسجودِ ملک

دی دیا قبضے مین اوسکی بحر و بر
کی عطا اپنی خلافت سربسر

خازن اللہ امانت کردیا
نورِ احمد کا اوسی حامل کیا

یہ امانت یہ خلافت یہ عطا
وسنی پائی سب طفیلِ مصطفےٰ

کیا فلک کیا عرش کیا جن و ملک
ہین طفیلِ نورِ احمد آج تک

نعت خواجۂ عالم صلے اللہ علیہ وسلم

سیدِ الکونین و ختم المرسلین
قبلۂ دین رحمت للعالمین

مظہرِ ذاتِ قدیمِ کبریا
مطلعِ دیوانِ اسرارِ خدا

قلزمِ وحدت کا موجِ اولین
کنزِ مخفی کا ظہورِ آخرین

منشاءِ ایجاد لفظِ کاف و نون
رمزِ نحن السابقون الآخرون

ذاتِ پاکِ حق کا وہ ظلِ ظلیل
بیمثال و بی نظیر و بیعدیل

علتِ غائی ایجادِ جہان
باعثِ خلقِ زمین و آسمان

گر نہوتا وہ رسولِ محترم
بی نشان تہا جہان در عدم

گر نہوتا وہ رسولِ کائنات
غیرِ ممکن تہا وجودِ ممکنات

گر نہوتا وہ خدیوِ انس و جان
یہ زمین و آسمان ہوتا کہان

خاک کی پتلے مین تہی قوت کب
جو اوٹہاتا اسطرح اسرارِ رب

تہی امانت تو وہ بارِ گران
جس سی بہاگی کوہ و ارض و آسمان

بو البشر نے جو لیا اوسکو اوٹہا
تہا یہ فیضِ نورِ سلطانِ ہدیٰ

اوس امانت کا وہی مختار تہا
اور آدم تو امانت دار تہا

نورِ حضرت تو ازل سی ہی اے فتیٰ
اصل ہی سب خلق و موجودات کا

ہی وہ ارواحِ رسل کا بالتمام
روزِ اول سی مربی و امام

وہ نبی تہا جب تہی دنیا و دین
اور آدم تہی میانِ ماء و طین

تہا وہ سب ہی نبی جب تہم کلام
تب نہ تہا طور اور کلیم اللہ کا نام

بحرِ عالم کا تہا جب وہ ناخدا
تب نہ تہا کچہ نوح کی کشتی کا پتا

تہا وہ جب سی شاہِ محمل نشین
جب نہ صالح تہا نہ ناقہ تہا کہین

اور عداوت جسکو جتنی ہو مگر — کافر اوتنا ہی وہ ہوویگا شقی
لکھتا ہی یون اوسی عالی وقار — اسکو فرمایا نبیؐ نی تین بار
ذکر حضرت مین پس از ذکر خدا — اشتغال قلب اجب ہوگیا
ہان بچھوٹی یہ ولا نا رندکے — حب احمد تو بری کام آئینگے
تم نہین تھی پر وہ شاہ بحروبر — تھا تمہاری فکر مین آٹھون پہر
لوگ تو سوتی روز و شب پاکی — آپ امت کی لیی رویا کیی
اوس ہی باقی تھی امت کی راہ — اوسنی وہی ہر نفسی ہی تمکو پناہ
مانگتی ہو جو دعا بہر رسول — اوسکو کر لیتا ہی رب جلد ہی قبول
گر نہ ہوتا وہ شفاعت مین امام — آتش دوزخ سی بچتی نہ تمام
لکھتا ہی یون اوسی نگین کلام — جب ہوی پیدا شہنشاہ انام
اشک چشم پاک سی بہتی رہی — ربِّ ہب لی امتی کہتی رہی
پیش خالق جو کیا عرض دعا — مدعا سب اپنی امت ہی کا تھا
پھر لگی کہنی یہ شاہنشاہ دین — ہان نہین ایمان محبت گر نہین
سن چکی تم ای گروہ مخلصین — معنی الفت بقول شاہ دین
گر نہ رویا تم نکی نام مصطفی — وہ بھلا مومن کہو کیونکر ہوا
جانتی ہو وہ رسول انس و جان — تمپہ کتنا ہی شفیق و مہربان
تھا غم امت یہ اوس غمخوار پر — پیٹ بھر کھایا نہ سویا رات بھر
تھا حریص امت کا اپنی وہ کریم — اسلیے کہتا ہی حق اوسکو رحیم
اوسکی صدقی سی خدای ممکنات — تمکو ہر آفت سی دیتا ہی نجات
ہر بلا سی تمکو دیتا ہی امان — اوسکی خاطر سی ہی تمپر مہربان
مہربانی کا ہو کیا اوسکی بیان — تھا ازل سی عذر خواہ عاصیان
سجدہ حق مین جھکایا اپنا سر — اور جبین پاک رکھی خاک پر
جب شب اسرا سوی عرش برین — لیلیا تنہا جب وہ سلطان دین
الغرض اوس قصد اکی رو بروی شب — التجا تھی بہر امت پیش رب

دعا مانگنا حضرت ابراہیم اور حضرت عیسی علی نبینا وعلیہما الصلوۃ والسلام کا او سفارش اپنی امت کی بموجب مضمون آیات قرآن مجید اور رونا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بعد پڑھنی اون آیات کی اپنی امت کیواسطی او نزول جبریل او وعدہ خدای پاک کا امت مرحومہ کی باب مین آنحضرت صلعم سے

ہی جو عبد اللہ بن عمرو کا — یون روایت کرتا ہی وہ باصفا
ذکر ابراہیم و عیسی مین خدا — کہتا ہی یون مانگی دونونی دعا
عرض کی عیسی نی بہ پیش کریم — ان تعذبہم ہی لیکن یا حکیم
چاہتی ہین تجھسی لو اپنی نجات — اور بخشی اونکو رب کائنات
امتی و امتی کہنی سب لگے — اشک بہہ آنکھوں سی بہنی لگے
حکم یون جبریل کو اوسدم ہوا — ہی حبیب اسوقت بیقرار ہو رہا
عالم سر وعلن ہی رب ترا — پر یہ رحمت سی ہی تجھسی پوچھتا
آئی جبریل اور کہا ای محترم — ای شفیع خلق و غمخوار امم
دیکھکر رحمت خدا کی شاہ دین — یون لگی کہنی کہ ای روح الامین
بخش دینا انکو رب ذوالکرم — بس انہین کا روز و شب ہی مجھکو غم
ایکدن بیٹھی تھی سلطان ہدی — دفعتہ کچہ آپ نی قرآن پڑھا
اپنی امت کی سفارش مین خلیل — کہتی تھی تو بخش انکو ای جلیل
یعنی یہ دو نو نبی محترم — اپنی امت کو بصد لطف و کرم
پڑھ چکی ان آیتونکو جب نبی — اپنی امت آپکو یاد آگئی
دیکھکر محزون شہ دیجاہ کو — جوش رحمت آگیا اللہ کو
جلد جا تو جلد ای روح الامین — پاس اوسکی اور پوچھنا کاہی غمین
تجھکو کس غم نی رولایا ای رسول — کہ زبانسی اوسکو مجھکو ہی قبول
رب ترا رحمت سی یون ہی پوچھتا — کیون ہوا گریان بتا تو مدعا
عرض کرنا حق سی ہی والکبریا — مغفرت امت کی مین ہون چاہتا
پھر گئی یہ سنکی جبریل امین — عرض کی یون پیش رب العالمین

ای اله العالمین اے بے مثال / بردبار عفو کار ذوالجلال
غم سی امت کی رسول دوسرا / کر رہا ہی آج زاری دیکھا

تجھسے پھر کر ای خدای کائنات / چاہتا ہی اپنی امت کی نجات
فرط رحمت سی ہوا حکم خدا / ای امین محبوب کی پہر پاس جا

دیکھ سکیں او سے کہنا کای رسول / کیون غم امت سی ہوتا ہی ملول
بابت امت مین نکر رنج و بکا / ہم تجہی راضی کرینگی دیکھیں گے بہلا

ہمیں کیون محزون ہی تجکو ای محترم / جلد تیرا ضی کرینگی تجکو ہم
آئی جبریل اور حضرت سی کہا / مژدہ مژدہ ای محمد مصطفے

تیری امت کی لیے تیرا خدا / بوعدہ کرتا ہی بلطف و عطا
بابت امت مین نہو آشفتہ ملول / ہی رضا تیری مقدم ای رسول

ہان تمکو غمگین نکر اتنی لکا / جسمیں تو راضی ہی راضی رب ترا
ہی روایت مین یہ اوسی نی کہا / بس یہ فرمایا کہ شاہ دوسرا

مین تو یون راضی ہلا ہو ہون کہ / جبتک عین رحمت و غفران سی سب
میری امت کا دہ رب العالمین / مجکو بخشیگا نہ ایک ایک ای امین

حبذا ای خواجہ روشن ضمیر / ای رحیم و چارہ ساز و دستگیر
حبذا ای عذرخواہ عاصیان / حبذا ای کار ساز بیکسان

بارگاہ حق مین بس تیری ہوا / ہم غریبونکو ہی کسکا آسرا
اس جہان مین جو ہمین نعمت ملی / سب یہ ہی تو فیض تیری نام کی

تجھسی محروم ہوتی امت سبب / تو کفیل انکا ہی وانم پیش رب
ہمکو کیا کیا نعمت خالق نی دین / مشکلین سب تجھسی آسان ہو گئین

ہمنے پایا تجھسی فرقان شریف / ہمکو بی مانگی ملا دین حنیف
فضل و رحمت تجھسی ہم کامیاب / اور ملا [illegible] ہم کو خطاب

ہر جگہ تیرا کرم درکار ہے / ہان جو تو چاہی تو بیڑا پار ہے
مژدہ باد ای امت خیر الانام / استغفا [illegible] کیا پایا کلام

مخبر صادق کا قول با صفا / مرہم ناسور دل ہی ای فتا
اسکو رکہنا چاہیی دل مین یقین / تجکو رب نے کیا رحمۃ للعالمین

کونسی ہی وہ دعای مصطفے / جو نہین مقبول ہو پیش خدا
اس [illegible] ہمیشہ پیش رب / سارے عالم کی ہمین کی کام

جسنی لیکر نام شاہ دوسرا / کی خدا سی اپنی رو کر التجا
بس یہ تہی رحمت ای پاک رب / اور وجاہت سید لولاک کی

نقد مطلب سی وہ دامن بہرا / مانگیا سب وسکی دل کا مدعا
رحمت حق گر تمہین درکار ہو / بس محبت آپ سی پیدا کرو

عشق رکہو اوس حبیب پاک کا / قبر و محشر مین یہی کام آویگا
وان جو پہنچا چاہتی ہو بار سے / لو لگی رکہنا شہ ابرار سے

دل مین گر حب ہی رسول اللہ کی / نار تیہر گلستان ہو جاویگی
معجزہ اک تازہ کرتا ہون بیان / جس سی ہو ثابت جاہ سید عالمیان

اب سنو یہ طرفہ رمز معنوی / لکہتا ہون اشعار پاک مثنوی
یعنی فرماتا ہی مولای روم / دہ محیط فضل و دریای علوم

از انس فرزند مالک آمدست / کہ بمہمانی او شخصی شدست
او حکایت کرد کز بعد طعام / دید انس دستارخوان را زرد فام

چرکن و آلودہ گفت ای خادمہ / اندر افکن در تنورش یکدمہ
در تنوری پر ز آتش در فکند / در زمان دستارخوان را ہوشمند

جملہ مہمانان درو حیران شدند / انتظار دود کندوری بدند
بعد یک ساعت برآورد از تنور / پاک و اسپید و از آن اوساخ دور

قوم گفتند ای صحابی عزیز / چون نسوزید و منقی گشت نیز
گفت زانکہ مصطفے دست و دہان / بس بمالید اندرین دستارخوان

ای دل ترسندہ از نار و عذاب / با چنان دست و لبی کن اقتراب
چون جمادی را چنین تشریف داد / جان عاشق را چہا خواہد گشاد

نا شنا [illegible] قصہ [illegible] / سن چکی تم قصہ مستانہ جوان
تمنی دیکہا آپ کی توقیر کو / اوس مبارک دست کی تاثیر کو

ہوگا سب خلق خدا کو اضطراب
اور قریب نیزہ ہوگا آفتاب

سختی و خوف و غم و رنج و بلا
ہوگا لن کون آفتونکا سامنا

ہوگی بیطاقت کہینگے لوگ سب
اب کوئی کرتا شفاعت پیش رب

دیکہتی ہو تم کیسا کا یہ مقام
جو حضور رب کری با صد کلام

جب نہ ٹھہریگا کوئی بادرد و تاب
آئینگی تب حضرت آدم کی پاس

اور کہینگے ای ابو الناس ای نبی
ای عزیزونکی بس اب تو ہی خبر

حق نی بخشی ہی تجہی وہ مرتبے
ہاتہ سی سب اپنی کی صورت بنے

اور جنت سا مکان تجہکو ملا
سر فرشتون نی تجہی سجدہ کیا

پاس تیری آئی ہین گہبرا کی سب
تو شفاعت کر ہماری پیش رب

دینگی تب اون سبکو آدم یہ جواب
ہی کہان مجکو طاقت اور تاب

تم نہین کیا جانتی ہیر ہم خطا
مین نے جو ہوا کی ساتہ اپنی کیا

جس سی مانع تہا خداوند کریم
کہا لیا مین نے اوسی ہبا گیہوں

ہی اگر ہر شفاعت اہتمام
نوح البتہ یہ کر سکتا ہی کام

ہی خدا کا وہ نبی محترم
اور وہ ہی مقبول رب الکرم

نوح سی آکر کرینگے التجا
تب کہیگا وہ بصد درد و بکا

اب ہی یان مجکو شفاعت کی مجال
اپنی گستاخی کا آتا ہی خیال

روز طوفان تہا خدا کا جب عتاب
اک جہان ڈوبا بانواع عذاب

نوح جب بیٹہا مرا ڈوبنی لگا
مین نے مانگی رب سی ای بہی دعا

کی جو گستاخی حضور کردگار
کانپتا ہون آج با صد اضطرار

یان براہیم اسکی رکہتا ہی مجال
ہی خلیل اللہ کا وہ با کمال

عرض حال اوس سے کرو تم سکی سب
بس کریگا وہ سفارش پیش رب

آئینگی گہبرا کی سب پیش خلیل
اور کہینگے ای براہیم خلیل

ای نبی محترم سے مقتدا
تو شفاعت آج کر پیش خدا

یون کہیگا وہ نبی باوقار
جا نہین سکتا ہون پیش کبریا

تین بار تو مین ہنگام خطاب
جہوٹہ کہہ بیٹہا ہون با صد اضطراب

ایک تو یہ جب ہوی عید کا
قوم نی بہر تماشا کی تہی راہ

توڑتا تہا جو بتون کا مدعا
ساتہ سی اون سبکی مین نے کی ابا

سقم و بیماری کی کرکی عذر تہا
رہ گیا گہر مین تہی مین بصداقت

تہا مرا او سدن یہ کذب اولین
آج مین اوس جہوٹ سی تہا ن شرمگین

دوسرا اب اور سنیی ماجرا
جب بتون ان ہمارے بتکی رکہیا

اور ہوی سب لوگ بتخانہ سی دور
بس کیا مین نی بتونکو چور چور

توڑ ڈالے مین نی مصنوعی خدا
اور بڑی بت پر تبر کو رکہدیا

آئی پہر کر جب وہ قوم بی ادب
آلہ خوار و شکستہ پائی سب

مجہسی پوچہا سب نے با قہر و عتاب
ان خداؤنکو کیا تو نی خراب

مین نی استہزا اسلی وہی یون کہا
اس بڑی بت سی ہوئی ہی یہ خطا

تہا بہم شاید کہ انکی کچہ خلاف
پوچہو اس بت سی کہیگا صاف صاف

اس دروغ مصلحت آمیز سے
شرم آتی ہی خدا کی سامنے

تیسری اب اور سنیی داستان
مختصر کرتا ہون بیکو بیان

جب ہوا نمرود کا قصہ تمام
مین نی کی بابل سی ہجرت سوی شام

اوس سفر مین بیبی سارا ساتہ تہی
لوطنی ہجرت مری ہمراہ کی

سفر مین پہونچا تو وان کا پادشاہ
تہا بڑا بدکار ظالم روسیاہ

چشم عقل و دین وہ سب کہتا تہا کور
عورتونکو چہین لیتا تہا بزور

مختصر کرتا ہون مین یہ ماجرا
مجہسی جب سارا کو وہ لینی لگا

خوف سی مین نی کہا اے پر فتن
مین برادر ہون یہی ہمشیر تی

اس بہانی سی مجہی مہلت ملی
اور سارا کو بہائی اوسنی ہی

مین نی منکوحہ کو جو خواہر کہا
تہا محل احتمین بہی آتا بیل کا

یعنی دینی تہی اخوت ان ام
اور ہٹایا مین نی ظالم کا فساد

پر خدا سی اپنی شرماتا ہون سب
ہی شفاعت کی لیاقت مجہ کو کب

لیک ہوی ہی سنتے اللہ کا
جاؤ کر دا ن تم تو وہ بخشائیگا

طور پر یا مین خدا کی اوس ستی
اور عطا کی اوسکو بیت مقدس بنا

اے حبیب کبریا ظل الٰہ
حال پر میرے کرم سے کر نگاہ

تو ہی تنہا اے شفیع عاصیان
یہ سگ درگاہ اب جائے کہان

ہاتھ پکڑے کون اس بیمار کا
یہ تو بندہ ہے ترے سرکار کا

چہوڑکر تجھکو کہان جائے غریب
اے خدا کے پاک کے پیارے حبیب

جرم و عصیان سے بہت ہون روسیاہ
تیرے ہی دامن مین لیتا ہون پناہ

رحم کر رحم اے شہ بندہ نواز
اے مری دردون کے چارہ ساز

بس ہیچ اب در باطن کہہ چکا
ہان بیان کر پہر حدیث مصطفے

چہٹ گئی شبدیز خامہ کی عنان
تہا کہان اور ہے بیان احمد کہان

سب جو روتے پیش حضرت جائینگے
قبلۂ دین اونسے یون فرمائینگے

ہان مجھے خالق نے یہ رتبہ دیا
مین شفیع خلق ہون پیش خدا

ہے یہ ارشاد شہ دنیا و دین
مین چلونگا سوے رب العالمین

جب قریب بارگاہ کبریا
جا کے ہونچونگا بصد عجز و رجا

دیکھکر عز و جلال بارگاہ
اور جبروت در عالم پناہ

اذن چاہونگا کہ اے رب غفور
ہو عطا اب عزت قرب حضور

سنکے میری التجا میرا کریم
اذن دیگا مجکو با فضل عظیم

ہونگا مین اوسدم بصد عجز و نیاز
داخل درگاہ رب کارساز

جا کے زیر عرش رب ذو الجلال
جب مین دیکھونگا جمال بے مثال

با دل نالان و چشم اشکبار
مین کرونگا سجدہ پیش کردگار

وہ ثنا و حمد ہووینگے ادا
جو مجھے الہام فرمائے خدا

وہ محامد اور وہ نطق و بیان
مین بتاؤن آج یہ طاقت کہان

اور کھلینگے وہان بلطف کبریا
مجکو وہ ابواب محامد اور ثنا

جو کہولی ہون خدا نے سربسر
میرے قبل ایسے محامد او پر

سر رہیگا میرا سجدہ مین جھکا
ہو گئی جبتک میری مولی کی رضا

جوش رحمت کا جب آئیگا ادھر
بس ندا اسطرح دیگا رب مجھے

ہان اوٹھا سر اے مرے پیارے رسول
اے محمد اے نبی دل ملول

کہ تو مجھسے بتا مطلب ہے کیا
مین سنونگا تیرے دلکا مدعا

کیون پڑا سجدہ مین ہے ازرو ملول
تو شفاعت کر مین کرتا ہون قبول

مانگ تو جو تجکو ہووے مانگنا
مدعا تیرا کرونگا مین عطا

اے چرا تی انچنین اندوہگین
برکشید اے چرا سر از زمین

اے چرا ای سر بہ پیش افگندہ
اے رخت رشک ماہ تابان بندہ

اے حبیبے بس کن این زاری سوز
از زمین بردار روتے دل فروز

سنکے یہ انعام رب کردگار
سر اوٹھاونگا بچشم اشکبار

یون کرونگا حق سے اپنا عرض حال
اے خدا اے کبریا اے بے مثال

بر در آمد مصطفے زاری کنان
معذرت خواہ گناہ امتان

بر در آمد این گدای کوے تو
اے عنان خلق در قابوے تو

بس عیان ہو اوسکی رحمت بے حساب
اور شفاعت کا ہے ہو فتح باب

خاص ہے یہ منصب شاہ انام
بس شفاعت ہے کبری اسکا نام

یہ مناجات شہنشاہ عرب
ہووےگی مفتاح باب فضل رب

انبیا بہی ہین پیش ذو الجلال
ہوا نہین ہے تاب تکلم کی مجال

اب یہ کرتے ہین رسول انس و جان
اپنی امت کی شفاعت کا بیان

مین شفاعت کی لیے پیش خدا
جاونگا بس امتی کہتا ہوا

مجھکو محزون دیکھکر او بیقرار
کرکے اک حد معین کردگار

یون کہیگا با ہزاران التفات
جا بین اون لوگونکو دیتا ہون نجات

جنکے دلمین ہووے ایمان [illegible]
جو برابر ہے اگر اے مصطفے

بس مین نکلونگا اونکو در سے بامراد
آتش دوزخ سے جنکر شاد و شاد

جنت اللہ دو ہمین داخل کرون
راہ پہر مین بارگاہ رب کی لون

اوٹھ جاؤنگا پہر بصد عجز و نیاز
جب بلائے مجکو رب کارساز

دیکھکر جاہ و جلال کبریا
پہر جہکون سجدہ مین با آہ و بکا

خاک پر دیکھےگا جب مجھکو گرا
دیگا خالق اسطرح سے پہر ندا

اے محمد ہان اوٹھا تو اپنا سر
اب ہے کیا مطلب ترا اے خیر بشر

تو بیان کر ہم سنین اسکو تمام
ہو روا حاجت سبہین جسکی کلام

کہکی یارب امتی با صد ادب
مغفرت امت کی چاہون بخش رب

اور کہی مجہسی کہ ای میری رسول
اب ہو امت کی خاطر تو ملول

بر نکالون اونکو با صد اہتمام
اور کرون رخصت سوی دار السلام

جب نظر آئی مجہی اوسکا جلال
پہر گرون سجدہ مین سب کی خستہ حال

پہر پکاری مجکو رب کارساز
ہان اوٹہا سر ہو چکا عجز و نیاز

پہر سنونگا اور دونگا تجکو سب
ہو چکا اذن شفاعت تجکو اب

اور اوٹہاون سر کرون حمد خدا
جسطرح سی پہلی مین ہون کہہ چکا

ہین ابہی باقی بہت سی گنہگار
تیری فضل و لطف کی امیدوار

مین نی بخشا اونکو با فضل و کرم
ہووی ہیان جنمین دل ہی جو کرم

لاؤن سب امت جہنم سی نکال
ہان ہی باقی رہی جو ان خستہ حال

جب نکل آئی مری امت تمام
خلد مین لیجاون سبکو والسلام

جو طلب کر ہمسی وہ سب تجکو دین
گر شفاعت جسکی ہم اسکو سنین

مجہکو روتا دیکہکر رب احد
پہر مقرر مجہسی کردی ایک حد

مثل ذرہ یا کہ خردل کی مثال
ہو وہی ایمان جسمین لا اوسکو نکال

پہر مین آون سوی درگاہ خدا
اون لیکر عرش تک جاون چلا

اور رہون سجدہ مین ان محو حضور
چاہی جب تک وہ خداوند غفور

عرض کر مطلب بیان کر ماجرا
مدعا کیا اب ترا [illegible]

جب سنون مین سب یہ رحمت کی کلام
پہر کرون پہر شفاعت اہتمام

یون کہون پہر ای اله العالمین
مجکو امت سی ابہی تسکین نہین

بس کری اک حد معین سب مرا
اور کہی اب جلد جا ای مصطفی

بلکہ ہو ادنی سی ادنی اس نبی
ہی رضا تیری مقدم ای نبی

جسکو قرآن مین خداوند ودود
دی چکا ہی نار مین حکم خلود

کر چکی جب یہ بیان با صد سرور
تب لگی پڑہنی اس آیت کو حضور

عسی ان یبعثک ربک مقاما محمودا

رب تیرا اب تجکو دیگا وہ مقام
جسکا ہی بیشک خدا محمود نام

اور لگی کہنی نبی انس و جان
جو کیا مین نی شفاعت کا بیان

لکھہ چکا جس مین حدیث مصطفی
ترجمہ قول نبی کا ہو چکا

یہ پیمبر کا تمہاری ہی مقام
جسکا وعدہ کرتا ہی رب انام

عاشقان ذکر شاہ خوش خصال
سن چکی تم آپ کی رحمت کا حال

خاتمہ کتاب و شکر عزیز وہاب

اب دل و جان سی کرو شکر خدا
جسنی کی تمکو یہ سب نعمت عطا

شکر صد شکر ای خدای ذو الجلال
ای کریم و بی مثال بی زوال

تو نہین محتاج توصیف جہان
ہمسے کیا ہو تیری قدرت کا بیان

ذات تیری بیعدیل و بیمثال
پاک و بی ہمتا قدیر و ذو الجلال

ہی تری حکم ای اله العالمین
ایک پتا ہل نہین سکتا کہین

تجہسی قائم ہی زمین و آسمان
تیری قدرت کی ہین سب نشانیان

خاک کی پتلی کو تو گویا کرے
قطرہ ناچیز کو دریا کرے

تیری قدرت کی یہ ادنی ہی دلیل
آتش نمرود گلزار خلیل

انبیا کو دی کی سب پر برتری
تو نی بخشا رتبہ پیغمبری

تو نی بہیجا اوس رسول پاک کو
سید عالم شہ لولاک کو

کس زبان سی ہو ادا تیری ثنا
پہونچی کیا بندی کی عقل نارسا

ہو ثنا تیری کسی سی کب ادا
جب کہی احمد کہ لا احصی ثنا

ہین تری محتاج ای میری خدا
انبیا و اصفیا و اولیا

اک جہان سرگشتہ تیری راہ مین
انبیا حیران تری درگاہ مین

کن کی کہنی سی کیا عالم بپا
اور جب چاہی اسی کر دی فنا

نار کو دم مین گلستان تو کرے
مور کو دم مین سلیمان تو کرے

تو نی کی ہمکو ہدایت ای کریم
تجہسی پائی ہمنی راہ مستقیم

تو نی آدم کو خلافت کی عطا
تو نی احمد کو شفاعت کی عطا

تو خدا ہی اور وہ ہی بندہ ترا
تو نی یہ رتبہ کیا اوسکو عطا

تونے یہاں بھیجا بفضل سرمدی ۔ اپنی رحمت کو بشکل احمدی
گر نہ ہوتا فضل تیرا اے خدا ۔ ہم کہاں پاتے بھلا یہ پیشوا
جسکے باعث سے خدا اے ذوالکرم ۔ تیری رحمت سے ہوئے سرشار ہم
تھا نبی ہمپر جو اتنا مہربان ۔ پس عنایت کا ہے تیری یہ نشان
ہو سکے ہم سے کب اے ذوالکبریا ۔ شکر تیرا اور ثنائے مصطفےٰ
تو ہی مالک تو ہی مولیٰ تو خدا ۔ وہ نبی ہے اور رسول او پیشوا
ہر دم و ہر آن ہر صبح و مسا ۔ ورد رہتا ہے مجھے صل علا
اوسکی صدقے سے خداوند غفور ۔ مجھکو رکھنا آتش دوزخ سے دور
ہے دعا مجھسے برائے مصطفےٰ ۔ خاتمہ ایمان پر ہووے مرا
ہو چکا حال شفاعت سب بیان ۔ ختم کرتا ہے مسیح اب داستان
ہم ثناخوان رسول دوسرا ۔ مثنوی کیا خوب لکھی واہ وا
ہے صحیح معتبر تیرا کلام ۔ ترجمہ ہے یہ حدیثوں کا تمام
سنکے یہ تیرا بیان با اثر ۔ وجد میں ہیں اہل ایمان سر بسر
رو رہے ہیں عاشقان مصطفےٰ ۔ شور ہے ہر سو جزاک اللہ کا

تمام شد

نثر خاتمہ تتمہ خامہ جادو رقم اعجاز قلم شاعر رنگین بیان فصیح اللسان واقف رموز خفی و جلی مولوی حکیم معصوم علی مسیح

سپاس بےقیاس و ستائش مالک الملک کو سزا ہے کہ جسکی ذات پاک لاشریک لہ وہی ہمتا ہے اور درود نامحدود او سرور احمد عالم کو روا ہے کہ جو باعث ایجاد ارض و سما ہے صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم اما بعد کہتا ہے بندۂ گمنام آستانہ بوس سخنوران فصیح عامی معصوم علی تخلص مسیح کہ یہ فقیر مسکین بدو شعور سے شیفتہ ذکر خیر رسالت پناہی ہے اور فریفتہ حالات محبوب الٰہی ہے بمصداق من احب شیئا اکثر ذکرہ اپنے وقت میں مستلزم بنیاد محفل میلاد سید ابرار رہتا ہے اور اللہ پاک سے اس سعادت کی استمرار و دوام کا خواستگار رہتا ہے و باوجود فقدان استعداد و قلت استطاعت اکثر اشعار نامور مضمون ذکر پاک سید لولاک اپنی محاورہ و بقانی میں لکھا کرتا تھا اور عاشقین جو کہ حضرت سے تعرضات حسین قبول رہا کرتا تھا جب رفتہ رفتہ بہت اشعار جمع ہوئے اور بعض احباب کی عنایت سے رسالہای منظومہ متعددہ بحور مختلفہ میں ترتیب پاگئی مشتاقین ذکر رسول مقبول بزید قدر شناسی عیب کو ذیل ہنر اور خطا کو وہین عطا سے چھپانی لگی یعنی باین فقیر کم مایہ کی بہ تقاضای نقل و تسوید آنی لگی ہنوز نوبت نظر ثانی نہ آئی تہی رسائل تمام کو مسودہ دست بدست تا دور دست پہونچایا ہر چند میں نے ان اشعار بے ربط کو چھپایا اور آپکو مضحکہ ارباب سخن سے بچایا مگر یہ دن افسانہ سیرے آئے کا دور دور پہونچا یا اور حاصل یوں ہے کہ جو یہ نظم تمام مضمون ذکر رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے چھپائی سے چھپ سکی مشتاقین کی محافل و وقت میں پہونچ ہمہ کار ز خود کامی بہ بدنامی کشید آخر ✤ نہان کے ماند آن رازی کزو سازند محفلہا ✤ ہجوم مشتاقین اور تمنای مخلصین کو دیکھکر آخر جناب شفیقی مکرمے عمیم الاشفاق کثیر الاخلاق مولوی محمد یعقوب صاحب نے اسکو اپنی مطبع میں چھپایا اور اس سودای گران بہا کو مشتاقین پر ارزان کیا خداوند کریم اونکو جزای خیر عطا کرے اور اونکی دامن امید کو جواہر مقصود دلی سے بہر دے دنیا میں بلند نام ہو عالم میں احترام ہو امیدوار ہوں کہ جب عزیزان خطاپوش و ناظرین عذر نیوش دیدۂ تمنا کو اس یوسف مصر خوبی کی جمال سے منور فرمائیں افشای عیوب فقیر کم مایہ میں کوشش نکریں اور اس بضاعت مزجاۃ کو ردنکریں اسواسطے کہ غایت اس سے کچھ اظہار جوہر قابلیت نہیں بجز اسواسطے اوسکی اور نیت نہیں یا کہ میں بھی وصلہ کیطرح ختم رسالت ثناخوانوں میں داخل ہوں اور جب قیامت کو اوسکی تیراح شمار کیے جائیں میں بھی اوسکی نام لیوا یعنی الوہین گنا جاؤں ✤ چو شنید یوسف ناخوبی گرم بازار شنید ✤

کہ شنیدہ ام شنیدم کہ ز عشق آن نگاری ✤ شنید ✤ بیمار لی چند سگفت بمیں نگین جہ مین گل تماشا شیم ✤ کردم سک حرم ید از آتش باشیم ✤ وصلی اللہ وبارک وسلم علیٰ خیر الخلق والہ وصحبہ اجمعین

اطلاع بخدمت صاحبان مطابع

جو کہ کل تر بحق حقوق تالیف و تصنیف این رسائل کی مولوی محمد یعقوب صاحب مہتمم مطبع افضل المطابع محمدی کو ہبہ کیے اور بخش دیئے اس واسطے یہ التماس ہی کہ کوئی صاحب انکی چھاپنے کا قصد اپنی مطابع مین بدون اجازت و استرضای مولوی صاحب ممدوح نفرمائین جس قدر مطلوب ہون مطبع موصوف سی لی تامل منگا لین اہل پیشہ اور تجار کی واسطے قیمت مناسب کی ہی اشاعت پر نظر کی ہی چھاپنا جو خلاف التماس ہوگا تو بہ اقتضای مکالملاں کی نقصان ہوگا پریشانی کا سامان ہوگا بر رسولان بلاغ باشد و بس

العبد

شرح خاتمہ نوکر ز قلم تادب شیم عاصی محمد یعقوب انصاری

لایق حمد و ثنا وہ قادر توانا ہی جسنی کن کی کنایہ سی چشم رحمت کی اشارہ سی بیدی آسمان کو اتنا بلند و زمین کو ہموار بنایا خورشید و ماہ و شب کا کیسی چمک دمک سی جلوہ دکھایا لیل و نہار کا فرق نظر آیا چشم توجہ سی چشمہای رحمت جاری کیے خاک بی بنیاد کو توت نامیہ بخشی طرح طرح کی گل کہلائی کیسی کیسی مخلوقات بنائی سب مین انسانکو عزیز کیا اشرف المخلوقات فرمایا ایسا یہ مشت خاک مقبول درگاہ ہوا کہ فرشتون کا سجدہ گاہ بنا خلعت خلافت عطا ہوا مرتبہ سوا ہوا پہلی اپنی نور ذاتی کی پرتو و تجلی اس کالبد خاکی پر ظاہر کی روح لطیف داخل ہوئی آئی توحید سی زبان حال کو گویائی دی حس حرکت فہم و فراست ملی کہ سبکو رشک آیا شیطان نی سر پھیرا ایسا زمین کا مزاج آسمان پر پہنچا جیسی حبیب خدا کا عرش جلیل کا مسکن ہوا سبکا مامن ہوا مظہر آدم علیہ السلام سی تا اینندم جو کچھہ ہوا اور ہوگا سب اسکی وحدانیت کی دلیل ہی ذات پاک اوسکی بیعدیل ہی اوسکی حمد و ثنا ہم سی ہیچمدان کیج مج زبان سی کب ادا ہو جسمین حبیب الہی نی یہ ارشاد کیا ہو ما عرفناک حق معرفتک آور نعت سرور کاینات فخر موجودات اشرف قوم بنی آدم نبی محترم سبب العالمین خاتم النبیین شفیع المذنبین احمد مجتبی محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم چہوٹا مونہہ بڑی بات ہی سب پر ظاہر ہی مہر نیمروز اس نکتہ سی ملا ہی کہ ظہور اوسکا باعث وجود کاینات ہی اوسکی تجلی نورانی ظلمت کفر و ضلالت اس خاکدان پر غبار سی شیطانی ہم جیسی کو باطن نکلو ہدایت کی راہ سیدھی کہانی پہلی معجزہ شق القمر ظاہر ہوا تمام عالم آپ کی عظمت و برتری سی ماہر ہوا جسکی صفت و ثنا خداوند زمین و آسمان خود فرمائی اوسکی نعت کو انسان کہان سی زبان لائی دست قلم ادب سی صفحہ قرطاس پر گیدنکہ ٹہرای علیہ وعلی آلہ الصلوۃ والسلام اور منقبت آل اطہار و اصحاب کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کہ جنکی شان مین آیہ تطہیر نازل ہی حق جل علا خود قائل ہی ولا اونکی بیان میں یکسان ہی واقف ایک جہان ہی اما بعد یہ ہی صافیدلان عالی گہر و مشتاقان الانظر پر ظاہر کہ اندنون جوش محبت و لاسی فیض توجہ کیمیا سی پانچ رسائل نظم بیان میلاد شریف سرور انبیا و فضائل و بعثت و شفاعت حضرت خیر الوری علیہ الصلوۃ والثنا تصنیف فصیح بیان بلکہ فصیح اللسان مسلم الثبوت عالم اور کرم واقف امور خفی و جلی ماہر رموز علم دین مولوی حکیم معصوم علی صاحب فتحپوری کی جو نظر سی گذری بہت پسند ہوئی حقیقت مین ایسا سلسلہ نظم نظر سی نہین گذرا اگر ہر بیت کو تجلی طور سی تشبیہ دیجیے تو بجا ہی الفاظ الہی ہی یہ صراع بجا ہی بلکہ بہ مصرع مطلع خورشید سی فروزتر ہی باعث روشنی چشم اہل نظر ہی ہر لفظ آب و تاب مین گوہر بی بہا ہی معنی لطیف سی مملو ہی [illegible] بقدر پاکو شرافی

کہکشان کی کیفیت صفحہ قرطاس پر صاف نظر آتی ہی واقعی کام کیا کیا ہی کوزہ مین دریا کیا ہی روایات صحیح و معتبرہ ہین جنکے پڑھنی
خبر ہین پس ایسی چیز کا چھپنا کیون نہ محال ہو جو بی مثال ہو چند شعر جو سخن فہمون کی روبرو زبان پر آئی سب نے بزبان تحسین کھولی
بہت پسند فرمائی زیادہ سننی کی مشتاق ہوئی بہت اصرار کیا مجبور کلام بلاغت نظام پیش کیا ہر مضمون کا جلوہ دکھایا
اوسوقت کا عجب حال تھا قاری سامعین کو وجد کا عالم تھا جب خاطر مشتاقون کو تسکین ہوئی نقل طلب کی اوسوقت اس مضطر
کو عالمگیر کی سخت اشتیاق تھی خاطر پریشان تھی ہر مطالعہ کی مشتاق تھی اوس تشویش مین نیاز گستر کو حسنات سمجھکر یہ خیال آیا کہ اس در نظم
بی بہا کو سلک طبع مین منسلک کر کی مشتاقان باصفا کو دکھائی نہایت زیب و زینت سی شائقین کی روبرو لائی ہر خاص و عام بہرہ مند ہو
جو سنی وہ دیکھنی کا خواہشمند ہو عاجز کی مراد بر آئی اس سبب سی مکروہات دنیا و آلایش گناہ سی پاک ہو جاتی بازپرس حشر سے
بیباک ہو جاتی کہ زندگی چار دن کی ہی ایکدن مرنا ہی اس دار ناپایدار سی سفر کرنا ہی اللہم اغفر وارحم وانت خیر الراحمین و غم و افسوس کا
و غدغہ رہتا ہی ہر ارط حکی سختی شامت اعمال سی انسان وقت نزع سہتا ہی تب غفلت کا حال ظاہر ہوتا ہی اپنی حرکات سے نادم
ہوتا ہی اوسدم بجز افسوس کیا ہاتھ آتا ہی حشر تک سہ مدہ حسرت رہ جاتا ہی ہرچند اوسکی ذات غنی و کریم ہی اور حبیب اوسکا رحیم
ہی جسکی بندہ اور امت ہین یقین ہی کہ جب بحر رحمت جوش مین آئیگا گنہگارونکا نامۂ اعمال دھو جائیگا ہر عاصی شفاعت پائیگا
بی عیب ذات خدا ہی او رسہو و غلط بشریت کا مقتضا ہی مگر یہ نظم بھی بی مثل و بی ہمتا ہی ناظرین پر فصاحت و بلاغت کا حال ظاہر ہو جائیگا
ہر شخص حسن بندش الفاظ سے واقف ہو کر تحسین کرے کلام بانیر لاسکا حرز جان سمجھکر خزانۂ دل میں جا دیگی نذر جانکی عوض ان سمجھکر لیگی ابیات

مقبول کیون نہ ہو جہان مین ایسا کلام ہو — جسمین لکھا نعت رسول انام ہو
قابل ہر اک کے پڑھنے کے یہ نغز کلام ہو — جسمین بیان حلیۂ خیر الانام ہو

مقبول خلق ہو نہ یہ ہی سخن کا — مداح کا جہان مین نہ کیسے احترام ہو
حیرت مین آئینہ ہو کہ کیسی جمال عرش — آپ مصطفیٰ کا یہ عالی مقام ہو

قندیل عرش کے کہیں پہنچیا نغمہ — نعت محمدی مین یہ جس کا کلام ہو
گویا زبان ہی جو بنا ہی سوال مین — بیتاب سخنور و ہمین نہ ہی احترام ہو

مست جاودانی کی نگہ ہو جہان اب کی — نفس پلید اوسکی توجہ سی رام ہو
صدقے مین ان حبیب کے اے کریم کے — حاصل ہمین یا رب یہ بیت الحرام ہو

یا رب زبان بند رہی ذکر غیر سے — ذکر رسول اپنی زبان پر مدام ہو
فوز شفاعت جس کو بیکسون کو جنان — سید انہین عاصیونکا بوقت قیام ہو

مصروف مدح مین بی شہنشاہ دو جہان — ہر ایک کا شمار حلال و حرام ہو
آئین جو اونکی نامۂ اعمال ہاتھ مین — آگاہ نیک و بدسی اک خاص و عام ہو

رہتی کو عابد و نکو ملی جنت نعیم — او رعاصیونکا مقرر جہنم مقام ہو
دل مضطرب ہو چشم خجالت سے اشکبار — افسوس کے سوا نہ زبان پر کلام ہو

تب آئی مجھ پر رحمت خلاق دو جہان — اور دامن وصل حضرت خیر الانام ہو
حاضر ہون انبیا بھی پیش حضور سب — حضرت کا جا کی عرش معلی مقام ہو

پہنچی زبان پاک پہ جو فی ما مین حمد رب — بخشش امم کا زبان پر کلام ہو
حاصل ہو حکم رب سے شفاعت کا جب — سب عاصیونکا آپکی تن مین قیام ہو

جنت مین جا بسین آپکی امت کے لوگ سب — اور ساقی وہ ہر ایک کو کوثر کا جام ہو
حیرت مین آئین دیکھکے جاہ و جلال عرش — رحمت گنہگارونکا جنت مقام ہو

ہی التجا یہ نطق کی رب غفور سے — وقت اخیر لب پہ محمد کا نام ہو

بہ مہر فضل الٰہی حاجی محمد

تمام شد